http://www.sgbauonline.com/

**AV–871**

# M.A.(Part–I) Semester–II Examination
## URDU
## Paper–2
## (Classical Poetry)

Time : Three Hours] [Maximum Marks : 80

ہدایات : ۱۔ جملہ سوالات سے صرف پانچ کے جواب مطلوب ہیں۔

۲۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں۔

۳۔ آخری سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر۱۔ مومن کی غزل گوئی کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے ان کی غزلیات میں نازک خیالی کی وضاحت کیجئے۔ 16

**یا**

اردو غزل گوئی میں مومن کا درجہ و مقام متعین کیجئے۔

سوال نمبر۲۔ اردو غزل گوئی کے پیش نظر غالب کی غزل گوئی کا جائزہ پیش کیجئے۔ 16

**یا**

غالب کی مختصر سوانح حیات کا ذکر کرتے ہوئے ان کی غزل گوئی کی خوبیاں بیان کیجئے۔

سوال نمبر۳۔ اردو مرثیہ نگاری میں میر انیس کا درجہ متعین کیجئے۔ 16

**یا**

مرثیہ کے اجزائے ترکیبی بیان کرتے ہوئے انیس کی مرثیہ نگاری کی خصوصیات لکھئے۔

سوال نمبر۴۔ فنِ قصیدہ نگاری کا جائزہ لیتے ہوئے اردو قصیدہ نگاری میں سودا کا مقام بیان کیجئے۔ 16

**یا**

قصیدہ نگاروں میں سودا کو اردو قصیدہ نگاروں کا امام کہا گیا۔ واضح کیجئے۔

سوال نمبر۵۔ (الف) مندرجہ ذیل اشعار سے کوئی چار اشعار کی تشریح سیاق و سباق کے حوالے سے کیجئے : 8

۱۔ دن بھی دراز رات بھی کیوں ہے فراق یار میں
کاہے سے فرق آگیا گردش روزگا میں

۲۔ جا کے کعبہ میں بھی مومن نہ گئی دیر کی یاد
جائے لبیک سدا ہائے صنم کرتے ہیں

۳۔ تاثیر صبر میں نہ اثر اضطراب میں
بیچارگی سے جان پڑی کس عذاب میں

۴۔ کرتے وفا امید وفا پر تمام عمر
پر کیا کریں کہ اس کو سر امتحان نہیں

۵۔ مے سے غرض نشاط ہے کس روسیاہ کو
اک گونہ بیخودی مجھے دن رات چاہئے



http://www.sgbauonline.com/

http://www.sgbauonline.com/

۶۔ عشق مجھ کو نہیں وحشت ہی سہی — میری وحشت تری شہرت ہی سہی

۷۔ دل سے تری نگاہ جگر تک اتر گئی — دونوں کو اک ادا میں رضا مند کرگئی

۸۔ اڑتی پھرے ہے خاک مری کوے یار میں — بارے اب اے ہوا، ہوس بال و پر گئی

(ب) درج ذیل سے کسی ایک کی وضاحت بحوالہ متن کیجئے : 8

۱۔ یہ صدا سنتے ہی خود رک گیا قرنا کا خروش — تھم گیا طبل وغا کی بھی وہ آواز کا جوش

ہوگئے جوڑ کے ہاتھوں کو جلا جل خاموش — کیا بجاتے کہ بجاتے تھے نہ کسی شخص کے ہوش

یا

۲۔ اٹھ گیا بہمن و دے کا چمنستان سے عمل — تیغ اردی نے کیا ملک خزاں مستاصل

سجدہ شکر میں ہے شاخ ثمردار ہر ایک — دیکھ کر باغ جہاں میں کرمِ عزّ و جل



http://www.sgbauonline.com/